کو تمہارے سپرد اسی لئے کیا تھا کہ امرا ان پر ظلم کریں ؛ اسی وقت ظلم کا ازالہ نظام الملک نے کیا، حالانکہ ظالم ایک مشہور امیر کبیر تھا"
(مقالات احسانی، مؤلفہ مناظر حسن گیلانی ص ۶۲، ۶۳)

آخر میں ہم بتا دیں کہ ہمارا مقصد اس تحریر سے حق کا بیان اور اسکی تلاش ہے - اگر کسی صاحب کو اختلاف ہو اور قرآن و حدیث سے دلائل اس کے پاس ہوں تو وہ تعاقب کرسکتا ہے "ترجمان الحدیث" کے صفحات اس کے لئے حاضر ہیں - ہم ہر مسئلہ پر دلائل سے حق کو واضح کرنا چاہتے ہیں - ختم شد

تصحیح

جون ۷۵ء کے شمارہ میں صـ ۳۶ پیرا چھٹا اور ساتویں لائن، اس طرح لکھی گئی ہے : "ایک مقدمہ میں تو سلطان محمد تغلق نے ایک لڑکے کو قصاص میں اکیس چھڑیاں ماریں " جو غلط ہے - اصل فقرہ یوں ہے : "ایک مقدمہ میں تو سلطان محمد تغلق کو ایک لڑکے نے قصاص میں اکیس چھڑیاں ماریں" قارئین کرام تصحیح فرمالیں -

ضروری اعلان

ادارہ ترجمان الحدیث" نے ترجمان کے اجراء کے وقت اس کی جو قیمت مقرر کی تھی، موجودہ کمر توڑ گرانی کے باوجود، آج بھی اس کی قیمت وہی ہے - لیکن پچھلے ماہ سے محکمہ ڈاک نے رجسٹری اور وی - پی فیس ۶۰ پیسے سے بڑھا کر ۹۰ پیسے کر دی ہے - اب ادارہ کے لئے مجبوری ہے کہ وی پی نو روپے ساٹھ پیسے کی بجائے ۹ روپے نوے پیسے کی ارسال کرے - امید ہے قارئین محسوس نہیں فرمائینگے (مینجر)